2024-10-23

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1. وزیراعظم نریندر مودی آج روس کے شہر کزان میں برکس سربراہ کانفرنس سے الگ، چین کے صدر شی زن پنگ کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔

2 بھارت اور پاکستان نے سری کرتار پور صاحب راہداری معاہدے کی مدت میں مزید پانچ سال کی توسیع دینے سے اتفاق کیا ہے۔

3 گوا میں منعقد ہونے والے، بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول کیلئے مندوبین کے اندراج کا عمل شروع ہوگیا ہے۔

4 IMF نے رواں مالی سال کیلئے بھارت کی GDP سے متعلق اپنی پیشگوئی میں اِس کی شرحِ ترقی سات فیصد برقرار رکھی ہے۔

5 اور آئی سی سی مردوں کے ٹی ٹوئنٹی، ابھرتی ہوئی ٹیموں کے ایشیا کپ میں انڈیا اے ٹیم کا مقابلہ اومان سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام الامارات میں کھیلاجائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

FS Breifing PM Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج روس کے شہر کزان میں، برکس سربراہ کانفرنس سے الگ، چین کے صدر شی چن پنگ کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ حقیقی کنٹرول لائن LAC کے علاقوں میں گشت کے بندوبست کے بارے میں، دونوں ملکوں کے درمیان ایک معاہدہ ہوجانے کے تناظر میں اس میٹنگ کی اہمیت اور زیادہ ہوگئی ہے۔

وزیراعظم مودی اور چین کے صدر کے درمیان میٹنگ پچھلے پانچ سال میں پہلی منظم میٹنگ ہوگی۔ دونوں رہنماؤں نے 2023، میں جنوبی افریقہ میں برکس سربراہ کانفرنس سے الگ ملاقات کی تھی اور جناب مودی نے بھارت-چین سرحدی علاقوں میں، مغربی سیکٹرمیں LAC پر تصفیہ طلب معاملات پر بھارت کی تشویش ظاہر کی۔ وزیراعظم، برکس جلسوں سے بھی خطاب کریں گے۔

جناب مودی نے روس اور ایران کے صدور سے بھی دوطرفہ بات چیت کی، جس میں انہوں نے معاملات کے پُرامن حل کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ جنگ سے، مسائل کا حل نہیں نکلتا۔

جناب پوتن کے ساتھ اپنی ملاقات میں جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت، روس- یوکرین تنازعے کا ایک پُرامن حل نکالنے میں مدد کیلئے تیار ہے۔

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے میڈیا کے افراد کو بتایا کہ وزیراعظم مودی نے صدر پوتن کو یوکرین کی قیادت کے ساتھ اپنی سرگرمی سے واقف کرایا اور کہا کہ بھارت، خطے میں امن پیدا کرنے میں تعاون دینے کو تیار ہے۔

FAINAL VIKRAM MISRI URKRAIN -0815

جناب مودی نے برکس کانفرنس سے الگ، ایران کے صدر مسعود پیزشکیان سے بھی ملاقات کی اور مغربی ایشیا میں صورتحال پر بات چیت کی۔

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ جناب مودی نے اس شدید تنازعے پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور شہریوں کی حفاظت کیلئے بھارت کی اپیل کو دہرایا۔ انہوں نے کشیدگی کو دور کرنے کیلئے مذاکرات اور سفارتی

کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب مسری نے وضاحت کی دونوں رہنماؤں نے افغانستان پر بھی بات چیت کی اور افغانستان کے لوگوں کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کرتے رہنے کے ساتھ ساتھ خطے میں امن و استحکام برقرار رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

VIKRAM MSIRI ON AFGHANISTAN -0815

جناب مودی نے ایران کے ساتھ دیرینہ دو طرفہ تعلقات میں مزید گہرائی لانے کے بھارت کے عزم کو بھی دہرایا۔

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے تعاون کے بنیادی میدانوں پر بھی بات چیت کی، جن میں چاہ بہار بندرگاہ اور بین الاقوامی شمال جنوب راہداری بھی شامل ہے۔

FINAL VIKRAM MISRI CHAHBAHAR PORT-0815

کزان سے خبریں ارسال کرنے والے ہمارے نامہ نگار نے نسیم نقوی نے بتایا ہے کہ بھارت، بین الاقوامی سطح پر، قیامِ امن کیلئے سرگرم ایک ملک کے طور پر اُبھر رہا ہے۔

V/C- NASEEM NAQVI

بھارت، ایک امن کے خواہاں ملک کی حیثیت سے، عالمی قیامِ امن کیلئے سرگرم ملک کی حیثیت اختیار کرنے کی طرف گامزن ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کزان میں برکس سربراہ کانفرنس میں حالیہ دوطرفہ بات چیت کے دوران اپنی اِس شبیہ کو اجاگر کیا۔ بھارت نے، روس-یوکرین تنازعے کو حل کرنے میں مدد کی پیشکش کی ہے جس سے صدر پوتن کافی متاثر ہوئے۔ اِس سے عالمی سطح پر بھارت کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کا اندازہ ہوتاہے۔ بھارت کی قیادت نے مغربی ایشیا کی کشیدگی پر بھی تشویش ظاہر کی اور شہریوں کی حفاظت نیز سفارتی مذاکرات کی وکالت کی۔ تنازعے کے پُرامن حل اور مذاکرات کے تئیں عزم سے ایک قابل اعتبار عالمی قیامِ امن ملک کے طور پر بھارت کی شبیہ اور زیادہ مستحکم ہوئی ہے۔

اقوام متحدہ کے قیام امن کی طرح کثیر ملکی فورموں میں بھی مستحکم دوطرفہ رشتوں اور شراکت داری کے ساتھ بھارت نے، عالمی مذاکرات کے تئیں خود کو وقف کردینے کا مظاہرہ کیا ہے۔ ہمارے قدیم فلسفے وسودھیائے کٹمبکم سے عالمی سطح پر یقیناً ہماری رواداری اور مفاہمت کی شبیہ کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

کزان سے نسیم نقوی کی رپورٹ کے ساتھ میں خبرنامے کیلئے میں---

India Pak Kartarpur

بھارت اور پاکستان نے، سری کرتارپور صاحب راہداری سے متعلق معاہدے کی مدت کو مزید پانچ سال کیلئے توسیع دینے سے اتفاق کیا ہے۔ اِس معاہدے پر دستخط 2019 میں 24 اکتوبر کو کئے گئے تھے۔ اِس معاہدے کا مقصد، بھارت سے، کرتارپور صاحب راہداری کے ذریعے پاکستان کے نروال شہر میں گردوارا دربار صاحب کرتارپور جانے والے عقیدتمندں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ اِس معاہدے کی مدت پانچ سال تھی۔

وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ اِس معاہدے کی مدت میں توسیع سے بھارت سے، پاکستان کے اِس مقدس گردوارے جانے والے لوگوں کو، راہداری کے بلارکاوٹ کام کاج کی یقینی دہانی ہوگی۔

پاکستان نے، ہر دورے پر 20 ڈالر کا جو سروس چارج عائد کیا ہوا ہے، اُسے عقیدتمندوں کی طرف سے ہٹائے جانے کی لگاتار درخواست کے پیش نظر بھارت نے، پاکستان سے ایک بار پھر زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِن عقیدتمندوں سے کوئی محصول یا فیس وصول نہ کرے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ نریندرمودی حکومت، ملک کی سکھ برادری کو، اُس کے مقدس مقامات تک رسائی کیلئے سہولیات فراہم کرتی رہے گی۔X

Jharkhand Election

جھارکھنڈ میں، جھارکھنڈ مکتی مورچہ (JMM) اور راشٹریہ جنتا دل RJD نے اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی ہے۔JMM نے 35 امیدواروں کے ناموں کا جبکہ RJD نے 6 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

وزیراعلیٰ اور JMM کے ایگزیکیوٹیو صدر ہیمنت سورین Barhet سیٹ سے انتخاب لڑیں گے جبکہ اسپیکر Rabindra Nath Mahto کو Nala حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔ کلپنا سورین Gandey سیٹ سے انتخاب لڑیں گی۔

دوسری جانب RJD کے ریاستی سربراہ سنجے کمار سنگھ یادو کو حسین آباد حلقے سے کھڑا کیا گیا ہے جبکہ سابق وزیر سوریش پاسوان Deoghar سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

I.N.D.I.A بلاک کے سیٹوں کی حصہ داری کے فارمولے کے تحت 70 سیٹیں جھارکھنڈ مکتی مورچہ اور کانگریس کو جبکہ گیارہ سیٹیں RJD اور CPIM کو دی گئی ہیں۔

کانگریس نے 21 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ CPI-ML نے باضابطہ طور پر پارٹی امیدواروں کے ناموں کا اعلان نہیں کیا ہے۔

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں منعقد کیے جا رہے ہیں۔ پہلے مرحلے کی پولنگ13 نومبر کو جبکہ دوسرے مرحلے کی پولنگ 20 نومبر کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی-x

## Maharashtra Assembly

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کے لیے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے کل پہلے دن مختلف سیاسی پارٹیوں کے 57 امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔پرچہئ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر ہے۔

30 اکتوبر کو کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی جبکہ چار نومبر تک امیدوار اپنے نامزدگی کے کاغذات واپس لے سکتے ہیں۔

20 نومبر کو واحد مرحلے کے تحت سبھی 288 اسمبلی سیٹوں کے لیے ووٹنگ ہوگی۔

## IFFI Delegate Registration

بھارت کے بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI، 2024 کے لیے مندوبین کا رجسٹریشن شروع ہوگیا ہے۔

IFFI کا 55 واں ایڈیشن، اس سال 20 سے 28 نومبر کے دوران گوا میں منعقد ہوگا۔

فلموں کے شائقین ویب سائٹ پر اپنا رجسٹریشن کر سکتے ہیں: ویب سائٹ ہے:

www.my.iffigoa.org

فلموں کے پیشہ ور افراد اور فلم شائقین، ایک ہزار 180 روپے کی فیس ادا کرکے اپنا رجسٹریشن کر سکتے ہیں جبکہ طلبا کے لیے پینل اور اسکریننگ کے 4 ٹکٹ روزانہ مفت رہیں گے-x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## BSNL New Services

حکومت کی زیر ملکیت بھارت سنچار نگم لمیٹڈ BSNL نے سبسکرائبرس کو راغب کرنے کے لیے صارفین پر مرکوز سات نئی خدمات کا آغاز کیا ہے۔

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ G4 کے شروع ہونے سے اب تک پچھلے 6 مہینوں میں بھارت سنچار نِگم لمٹیڈ (BSNL) کے سبسکرائبرس کی تعداد 75 لاکھ سے بڑھ کر ایک کروڑ 8 لاکھ ہوگئی ہے۔

نئے Logo اور کمپنی کی سات نئی خدمات کا آغاز کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت اپنا خود کا G4 ٹیلی کام نیٹ ورک تیار کرنے والا، دنیا کے چھ ملکوں میں سے ایک ملک ہے، جو جلد ہی G5 کی جانب بڑھے گا۔ BSNL کا نیا Logo، مضبوطی، بھروسے اور رسائی کا عکاس ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.................

VC- Bhanu

نئے Logo کے علاوہ BSNL نے سات نئی پہل قدمیوں کا بھی اعلان کیا ہے، جو بھارت، کے رابطوں، مواصلات اور ڈجیٹل سیکیورٹی میں انقلابی پیش رفت پر مرکوز ہیں۔ یہ شعبے ہیں: Spam فری نیٹ ورک، نیشنل وائی فائی رومنگ، انٹرانیٹ فائبر ٹی وی، Anytime SIM Kiosks، Direct to Device Service، لوگوں کی حفاظت اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت اور کانوں میں پہلی بار پرائیویٹ G5 کی سہولت۔ BSNL نے کانکنی سے متعلق سرگرمیوں کے لیے G5 کنکٹوٹی کو بھی متعارف کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی BSNL نے حکومت اور راحت ایجنسیوں کیلئے بحران اور آفات کے دوران Encrypted رابطوں اور بلا تعطل کنیکٹیوٹی کی گارنٹی بھی دی ہے۔

نئی دلی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

MP Posco

مدھیہ پردیش حکومت نے، عصمت دری کے نابالغ متاثرین کو، مختلف سہولتیں فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کا مقصد جنسی جرائم کے متاثرین کو پَوکسو قانون کے تحت حفاظت اور مرکزی حکومت کے نربھَے فنڈ سے مالی امداد فراہم کرنا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C- Sajeev Sharma

مدھیہ پردیش حکومت نے اپنے کابینی اجلاس میں مشن واتسلیہ کے تحت عصمت دری کے متاثرین کو تعلیم، پولیس امداد، زچگی اور نومولود کی دیکھ بھال، نفسیاتی کاؤنسلنگ، قانونی مدد، صحت بیمہ اور دیکھ بھال مراکز میں رہائش جیسی سہولتیں فراہم کرنے کا فیصلہ کیاہے۔ اس اسکیم کے فوائد حاصل کرنے کیلئے FIR کی نقل فراہم کرنا ضروری نہیں ہوگا۔ اس کے تحت عصمت دری کی متاثرہ نابالغ لڑکی کو غیر ادارہ جاتی دیکھ بھال کیلئے 4 ہزار روپے ماہانہ دیئے جائیں گے۔ اس اسکیم کا نفاذ کلکٹر کے ذریعے ہوگا۔ اسکیم کیلئے ہر ضلع کو نربھیا فنڈ کے تحت دس لاکھ روپے فراہم کئے جائیں گے۔

بھوپال سیے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ضمیر رضوی

IMF India GDP

بین الاقوامی مالی فنڈ IMF نے اپنی پیشگوئی میں، 31 مارچ 2025 کو ختم ہونے والے رواں مالی سال کے دوران، بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح ترقی، 7 فیصد برقرار رکھی ہے۔ IMF نے اپنے تازہ ترین عالمی اقتصادی خاکے میں کہا ہے کہ اُمید ہے کہ بھارت اگلے مالی سال 2025-26 میں، ساڑھے چھ فیصد کی شرح سے ترقی کرے۔

اِدھر Deloitte India کے تازہ ترین اقتصادی جائزے میں پیشگوئی کی گئی ہے کہ رواں مالی سال میں، بھارت کی اقتصادی ترقی کی شرح 7 سے، سات اعشاریہ دو فیصد تک رہے گی۔

IMF نے جولائی کے اپنے تخمینے میں، امریکہ کی شرحِ ترقی 2024 میں، دو اعشاریہ چھ فیصد بتائی تھی، جبکہ اُس نے اِسے بڑھا کر دو اعشاریہ آٹھ فیصد کردیا ہے۔

IMF نے اپنی پیشگوئی میں، اِس سال اور اگلے سال، عالمی شرحِ ترقی، تین اعشاریہ دو فیصد ہی برقرار رکھی ہے۔ پیشگوئی میں چین کی شرحِ ترقی، پانچ فیصد سے کم کرکے چار اعشاریہ آٹھ فیصد کردی گئی ہے-X

NIC Telangana

تلنگانہ سرکار نے، نیشنل انفارمیٹکس سینٹر NICکو، زمین کے ریکارڈز کے بندوبست کے، مربوط دھرنی نظام ILRMS کیلئے، نئے ٹیکنالوجی شراکت دار کی حیثیت سے باقاعدہ طور پر نامزد کیا ہے۔ سرکار نے یہ انکشاف کَل اپنے ایک حکم نامے میں کیا جو اِس اہم پلیٹ فارم کے بندوبست میں ایک بڑی تبدیلی ہے۔

2020 میں جب سے دھرنی پورٹل کا آغاز ہوا ہے، یہ زمین کے لین دین اور تلنگانہ میں اطلاع کا اصل مرکزرہا ہے۔

تازہ بندوبست کے تحت NIC، پورٹل کا کام کاج اور دیکھ بھال کا کام، ابتدائی طور پر تین سال کیلئے دیکھے گا جس میں اِس کی کارکردگی کی بنیاد پر مزید دو سال کی توسیع کی گنجائش ہوگی۔

NIC کے ساتھ سرکار کے اشتراک کا یہ فیصلہ، زمین کے ریکارڈ کے بندوبست، میں ایجنسی کی وسیع مہارت پر مبنی ہے۔

اِس شراکت داری کا مقصد کام کاج میں استعداد اور دھرنی پورٹل کی شفافیت میں اضافہ کرناہے تاکہ پوری ریاست میں زمین کے لین دین سے متعلق بلارکاوٹ خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔X

Reddy Coal Review Meeting

کوئلے کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کوئلے کے شعبے میں، پیداوار میں اضافے اور ماحول کی سازگاری کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ کَل نئی دلی میں کوئلے کے شعبے سے متعلق، ہر چھ ماہ بعد منعقدہونے والی جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اِس ضرورت کو اُجاگر کیا کہ ماحولیات پر پڑنے والے اثرات کو کم سے کم کرتے ہوئے، کوئلے کی پیداوار بڑھانے کیلئے اختراعی ٹیکنالوجیز کو اپنایا جائے۔ جناب ریڈی نے ماحولیات کے تئیں گہری تشویش کا اظہار کیا اور سبھی متعلقین سے زور دے کر کہا کہ وہ کان کنی کے، ذمہ دارانہ طور طریقوں کو ترجیح دیں، جن میں جنگلات کاری کے، تلافی پر مبنی تسلیم شدہ اقدامات پر عمل درآمد اور ایسی زمین کی، جس میں سے کوئلہ نکالا جاچکا ہو، مؤثر بحالی بھی شامل ہے۔

کان کنوں کے کنبوں کے بارے میں تشویش ظاہر کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے سخت حفاظتی طور طریقوں اور تربیتی پروگراموں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے فریقوں سے زور دے کر کہا کہ وہ حفاظت اور سماجی ذمے داری کے ماحول کو فروغ دیں، جس کیلئے کارپوریٹ اداروں کی سرگرم سماجی ذمے داری CSR کے تحت ایسے اقدامات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، جن سے مقامی لوگوں کو سرگرم کرکے اِن کی زندگی کے معیار کو بڑھایا جاسکے۔X

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج اوڈیشہ اور شمال مشرقی بھارت میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مشرقی وسطی خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کے حلقہ کے سمندری طوفان کی شکل میں تبدیل ہوکر شدت اختیار کرنے کی وجہ سے ایسا ہوا ہے۔ تملناڈو، پڈوچیری، کرناٹک اور کیرالہ میں بھی آج اسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔

اس دوران مغربی بنگال کے گنگا کے میدانی علاقے میں آج اور جھارکھنڈ میں کَل ہلکی سے اوسط بارش کے حالات رہیں گے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے کونکن، گوا، اور مدھیہ مہاراشٹر میں اگلے دو سے تین روز کے دوران بھی ایسا ہی موسم رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

Sports Round UP

کھیلوں میں آج کا دن بھارت کے لیے نہایت اہم ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Chirag Jha

کرکٹ میں، مردوں کے T-20 ایمرجنگ ایشیا کپ میں آج انڈیا ٹیم A کا مقابلہ عمان سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام عمان کے اَل امارات کرکٹ گراؤنڈ پر کھیلا جائے گا۔

تلک ورما کی قیادت والی انڈیا A پہلے ہی سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے اور ٹورنامنٹ انڈیا A پہلے ہی سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے اور ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہی ہے جبکہ میزبان عمان نے ابھی تک ٹورنامنٹ میں کوئی میچ نہیں جیتا ہے۔

دوسری جانب روہت شرما کی کپتانی والی مردوں کی سینئر بھارتی ٹیم، کَل سے پونے میں شروع ہو رہے دوسرے ٹیسٹ میچ میں نیوزی لینڈ کے خلاف واپسی کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی۔ واشنگٹن سندر کی بھارتی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے جبکہ نیوزی لینڈ کے سابق کپتان Kane Williamson زخمی ہونے کی وجہ سے دوسرا ٹیسٹ میچ نہیں کھیل پائیں گے۔

اس دوران سلطان آف جوہر کپ ہاکی میں بھارت کے مردوں کی جونیئر ٹیم کا سامنا آسٹریلیا سے ہوگا۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر پونے چار بجے شروع ہوگا۔ بھارتی فوج نئے کوچ PR سری جیش کی تربیت میں لگاتار تین مقابلے جیت چکی ہے اور وہ اپنے جیت کے سلسلے کو جاری رکھنا چاہے گی۔

وہیں ٹینس میں ویانا اوپن میں بھارتی کھلاڑی روہن بوپنّا اور اُن کے آسٹریلیائی جوڑی دار میتھیوابیڈن پر مشتمل جوڑی، مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ کوارٹر فائنل میں کل اس جوڑی کا مقابلہ انگلینڈ کے Neal Skupski اور نیو زیلینڈ کے Micheal Venus کی جوڑی سے ہوگا۔

نئی دلی سے چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...............

Commonwealth Games 2026

دولت مشترکہ کھیل 2026 کے منتظمین نے کرکٹ، ہاکی، بیڈمنٹن، کُشتی، اسکویش اور نشانے بازی جیسے اہم کھیلوں کو مقابلوں سے حذف کرنے کا فیصلہ کیاہے۔

ایک بیان میں منتظمین نے اعلان کیا ہے کہ کھیلوں کے اگلے ایڈیشن میں صرف دس کھیلوں کو شامل کیا جائے گا تاکہ کھیلوں کی گوناگونیت کو یقینی بنایا جا سکے اور مالیاتی اور عملی جوکھم سے بہتر طریقے سے نمٹا جا سکے۔

دولت مشترکہ کھیلوں کا 23 واں ایڈیشن، سال 2026 میں اسکاٹ لینڈ کے گلاسگو میں چار مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں طور پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے برکس چوٹی کانفرنس کے لیے وزیراعظم کے روس دورے اور بھارت اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں شراکت داری کو مضبوط کرنے سے متعلق خبر کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق کل قزان پہنچنے پر وزیراعظم کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے بھارت اور سنگاپور کے درمیان دفاعی تعاون کو مستحکم کرنے سے متعلق ہوئے اتفاق رائے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور سنگاپور کے وزیر دفاع کے درمیان نئی دلی میں منعقدہ بھارت-سنگاپور دفاعی مذاکرات کے دوران اس سلسلے میں معاہدہ طے پایا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے قومی راجدھانی دلی میں فضائی آلودگی کی سطح میں تشویشناک اضافے کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق راجدھانی دلی کے بیشتر علاقوں میں فضائی آلودگی کا اشاریہ، AQI، 300 سے 400 کے درمیان ہے۔

روزنامہ ملاپ نے جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن جاری ہونے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے کے لیے 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

روزنامہ پرتاپ نے انڈیا کے Emmar ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں پہنچنے کی خبر کو کھیلوں کے صفحے پر جگہ دی ہے۔ بھارتی ٹیم لگاتار دو میچ جیت کر سیمی فائنل میں پہنچی ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندر مودی آج روس کے شہر کزان میں برکس سربراہ کانفرنس سے الگ، چین کے صدر شی زن پنگ کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔

2 بھارت اور پاکستان نے سری کرتار پور صاحب راہداری معاہدے کی مدت میں مزید پانچ سال کی توسیع دینے سے اتفاق کیا ہے۔

3 گوا میں منعقد ہونے والے، بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول کیلئے مندوبین کے اندراج کا عمل شروع ہوگیا ہے۔

4 IMF نے رواں مالی سال کیلئے بھارت کی GDP سے متعلق اپنی پیشگوئی میں اِس کی شرحِ ترقی سات فیصد برقرار رکھی ہے۔

5 اور آئی سی سی مردوں کے ٹی ٹوئنٹی، ابھرتی ہوئی ٹیموں کے ایشیا کپ میں انڈیا اے ٹیم کا مقابلہ اومان سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام الامارات میں کھیلاجائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔